# دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586


سیریل نمبر 23994 — نام عمیر — مطلوب عمومی

تاریخ 11/19/2014 — پتہ لاهور

رابطہ نمبر — موضوع جنائز

ای میل — کاتب محمد علیم

1? کیا کوئی ایسی حدیث موجود ہے جس میں اس بات کا ذکر ہو کہ رمضان میں جمعہ کے دن وفات پانے والا بخشا جائے گا؟ ازراہِ نوازش حوالہ عنایت فرمائیں (اگر ہے تو) 2? اگر کسی جنازے میں 70 یا اس سے زائد آدمی شریک ہوں تو متوفی کی بخشش ہو جائے گی؟

## الجواب حامداً و مصلیاً

جی ہاں حدیث میں ہے رمضان المبارک یا جمعہ کے دن جو شخص فوت ہو جائے تو اس کو فتنہ قبر سے محفوظ رکھا جاتا ہے ملاحظہ ہو۔

فی مشکوٰۃ المصابیح، وعن عبداللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلم یموت یوم الجمعۃ أو لیلۃ الجمعۃ إلا وقاہ اللہ فتنۃ القبر رواہ احمد وترمذی۔ (ج ۱ ص ۱۲۱)۔

مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے فتنہ قبر سے محفوظ فرماتے ہیں۔

وکما روی فی مسند احمد عن حذیفۃ قال أسندت النبی صلی اللہ علیہ وسلم إلی صدری فقال: من قال لا إلہ إلا اللہ: قال حسن: ابتغاء وجہ اللہ۔ ختم لہ بہا دخل الجنۃ، ومن صام یوما ابتغاء وجہ اللہ ختم لہ بہا دخل الجنۃ، ومن تصدق بصدقۃ ابتغاء وجہ اللہ ختم لہ بہا دخل الجنۃ۔ (ج ۳۸ ص ۳۵)۔

جبکہ جس مسلمان کے جنازے میں چالیس یا اس سے زائد ایسے لوگ جو اللہ کیساتھ شرک نہ کرتے ہوں جمع ہوں تو اللہ انکی شفاعت قبول فرما کر (معاف) فرما دیتے ہیں۔

وفی مشکوٰۃ المصابیح، عن عبداللہ بن عباس انہ مات لہ ابن بقدید أو بعسفان فقال یا کریب انظر ما اجتمع لہ من الناس قال فخرجت فاذا ناس قد اجتمعوا لہ فاخبرتہ فقال تقول ہم اربعون قال نعم قال اخرجوہ فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من مسلم یموت فیقوم علی جنازتہ اربعون رجلا لا یشرکون باللہ شیئا إلا شفعہم اللہ فیہ رواہ مسلم (ج ۱ ص ۱۴۵)

(جاری ہے)

وفيه ايضاً: وعن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من ميت تصلى عليه امة من المسلمين يبلغون مائة كلهم يشفعون له إلا شفعوا فيه رواه مسلم ج ۱ ص ۳۰۸ (۱۲۵) والله اعلم

محمد عليم عفي عنه
دار الافتاء جامعة بنورية عالمية سائٹ كراچی ۱۶
۲۵ / ۵ / ۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح

بندہ نادر جان بخاری غفرلہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۸ / ۶ / ۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح

بندہ مفتی رفیق احمد
دار الافتاء جامعہ بنوریہ ۱۶
۲۹ جمادی الآخرہ ۱۴۳۶ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
۲۳۹۹۴
۱۴۳۶/۶/۲۶

26/4/15